سوال

بت پرستی کے اثرات

جواب

اسلام میں بت پرستی سے ممانعت کی وجہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میں ایک مسلمان ہوں مگر ایک سوال مجھے پریشان کیئے دیتا ہے۔ رسول پاک نے آنے کے بعد سب سے پہلے بت پرستی کا رد کیا۔ بہت سوچ بچار کے بعد بھی بت پرستی اور اخلاقی برائیوں کا آپس کا تعلق سمجھ نہیں آیا۔ سوال یہ ہے کہ بت پرستی کا اس دور کے معاشرہ پر کیا منفی اثر پڑ رہا تھا جسکی وجہ سے اسلام نے بت پرستی یعنی شرک کو سب سے بڑا گناہ قرار دے دیا۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! دراصل بات یہ ہے کہ تمام شریعتوں کا بنیادی نکتہ توحید تھا، یعنی صرف اللہ کی عبادت، بندوں کو غیر اللہ کی عبادت سے نکال کر اللہ کی عبادت پر لگانا۔ اس کے ساتھ ساتھ باقی معاشرتی برائیوں کا بھی خاتمہ تھا۔ اسلام کا فقط ایک ہی نکتہ تو نہیں تھا کہ معاشرے سے برائی کا خاتمہ ہو۔ اور اگر دیکھا جائے تو شرک اللہ کے ہاں سب سے بڑی برائی ہے۔ جو ایک ناقابل معافی جرم ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی